**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# جاتی امرا کے قزاقوں اور ان کے ہمنواؤں کی عدلیہ خصوصاً پشاور ہائیکورٹ کے معزز ججز کو ہراساں کرنے کی منظم مہم پر پاکستان تحریک انصاف کا ردعمل

28دسمبر2023

- ریاستی اداروں خصوصاً عدلیہ پر حملوں کی تاریخ رکھنے والا گروہ انصاف کی بچی کھچی علامتیں دیکھ کر ایک مرتبہ پھر عدالتوں پر حملہ آور ہوا ہے۔
- مجرموں کے اس گروہ کے ماضی اور حال سے قوم اچھی طرح آگاہ اور مستقبل کے حوالے سے ان کے مکروہ عزائم سے بخوبی واقف ہے۔
- چیری بلاسم چابی والے کھلونے کی طرح عدلیہ کے ایک مخصوص حصے کیطرح منہ اٹھا کے بھونڈی بھدّی آوازیں نکالتے وقت کیوں بھول جاتے ہیں کہ عوام ان کی رگ رگ کو جانتی ہے۔
- کیا قوم نہیں جانتی کہ ان کے نامۂ سیاہ میں سپریم کورٹ پر مسلّح یلغار شامل ہے۔
- کیا قوم یہ بھول چکی ہے کہ ٹیلی فون پر ان سے ڈکٹیشنز لیکر فیصلے لکھنے والے جسٹس قیوم جیسے ججز ہی ان کی آنکھ کا تارا ہیں۔
- کیا قوم کو یاد نہیں کہ حرام کے مال سے جج خریدنے اور رفیق تارڑ کے ذریعے ججوں کے ضمیروں کی منڈی لگانے والا یہی خاندان ہے۔
- کیا بھلا قوم یہ بھی بھلا چکی کہ ان کی دخترِ نیک اختر المشہور پانامہ رانی ججز کو نکیل ڈالنے کیلئے آڈیو ویڈیوز کے غلیظ ذخیرے کی چوکیداری میں فخر محسوس کرتی۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- کیا قوم واقف نہیں کہ چوروں کے اس ٹبر کے نشانے پر ہمیشہ وہ ججز رہے ہیں جنہوں نے آئین و قانون کو مقدم رکھتے ہوئے عدل وانصاف کے مطابق فیصلے لکھنے کی روایت کو زندہ رکھا ہے۔
- کیا قوم کو کوئی غلط فہمی ہے کہ رجیم چینج سازش کے ذریعے اس چیری بلاسم کو وزارتِ عظمیٰ پر نہ بٹھایا جاتا تو اس پر فردِ جرم لگتی اور اسے کم و بیش 24 ارب کی چوری کا حساب دینا پڑتا۔
- کیا قوم کی نگاہوں سے یہ حقیقت پوشیدہ ہے کہ چیری بلاسم کا بھگوڑا بھائی آج بھی رسیدیں دکھانے سے قاصر اور خوفزدہ ججز کے کمزور فیصلوں کا بینیفیشری ہے۔
- چیری بلاسم فکر نہ کرے، جاتی امرا کے قزاقوں اور ان کے حواریوں کی عدلیہ پر تازہ ترین یلغار سے بھی قوم خوب اچھی طرح آگاہ ہے۔
- پشاور ہائیکورٹ ہی نہیں ہر وہ جج ان کی غرّاہٹ کے نشانے پر آئے گا جو کسی ماورائے آئین و قانون سلسلے کا حصہ بننے پر آمادہ نہیں اور محض انصاف کا علم بلند رکھنا چاہتا ہے۔
- عدلیہ کے منصف مزاج ججز کی جانب منہ اٹھا کر خرافات بکنے اور انہیں ہراساں کرنے والوں کے ماتھے پر انتخابات میں عبرتناک شکست اور سیاسی مستقبل کی یقینی موت کا خوف عیاں ہے۔
- تحریک انصاف ہر مقدمے میں ہر سطح کے جج سے انصاف اور محض انصاف کی توقع رکھتی ہے۔
- تحریک انصاف یا بانی چیئرمین عمران خان سمیت پوری قیادت اور ہزاروں کارکنان کے خلاف درج کئے گئے جھوٹے، جعلی، من گھڑت، بے بنیاد اور سازش و انتقام پر مبنی ہزاروں مقدموں میں سے کسی ایک میں بھی جان نہیں۔

- ریاستی مشینری کے سرپر سوار پاگل پن اور مقتدرہ کی گود میں بیٹھے انواع واقسام کے سیاسی چوپائیوں کی ججز کیخلاف صداؤں کی واحد وجہ لندن منصوبے کی چیتھڑوں کا اڑنا اور عوام کا ڈٹ کر کپتان اور تحریک انصاف کے ساتھ کھڑا رہنا ہے۔
- ٹانگوں میں سیاسی و انتخابی میدان میں کھڑا ہونے کی سکت اور ہمّت نہیں تو بہروپیوں کا یہ گروہ سرپرستوں سمیت قوم سے یکمشت معافی مانگے اور سیاست سے تائب ہو۔
- ”بلّے“ کے نشان کا اتنا خوف ہے تو چیری بلاسم باقی اتحادیوں میں بھی پالش کی ڈبیاں اور جوتے چمکانے والے برش تقسیم کرے اور باٹا کی فیکٹری میں ملازمت کیلئے درخواستیں دیں۔
- معزز عدلیہ کسی خوف و اندیشے کو خاطر میں لائے بغیر دستور و قانون پر ثابت قدم رہے اور عدل و انصاف اور قانون کی حکمرانی کو اپنا محور و مرکز بنائے۔
- مجرموں اور ان کے سہولت کاروں کی خبر 12 کروڑ ووٹرز 8 فروری کو لیں گے جنہوں نے ایک ہاتھ میں ”بلّا“ جبکہ دوسرے میں قومی پرچم اٹھا کر کپتان کے پیغام کو سینے سے لگا رکھا ہے۔
- آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، جمہوریت کی بقاوافزائش اور قوم کی حقیقی آزادی کے ایجنڈے سے ایک انچ کل پیچھے ہٹے نہ آئندہ اس سے دستبردار ہوں گے۔
- چیری بلاسم کو البتّہ بیان بازی کا اتنا ہی شوق ہے تو قوم کو صرف اس سوال کا جواب دے دے کہ ”بلّے“ کے نشان سے پورے ٹبر اور اس کے ظاہری اور خفیہ ہمنواؤں کی جان کیوں نکل رہی ہے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ